لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ ذی الحجہ سنہ ۱۳۴۳ھ مطابق ۶ جولائی سنہ ۱۹۲۵ء	جلد ۳۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	صفحہ
۱	بابت وضعات ... خزانہ	۱ و ۲
۲	رخصت بابو رام پرشاد ہیڈ کلرک	۲
۳	منظوری نفاذ قانون افیون و مسکرات	،،
۴	متعلق روانگی کاغذات ڈاک	
۵	اندراج آمدنی جھیل وجھاؤ وغیرہ بکاغذ چوڑی	
۶	رخصت شبیر حسن سب انسپکٹر	
۷	،، ڈاکٹر محمد بخش	
۸	نقشہ بارش - ماہ ...	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۱ جون سنہ ۱۹۲۵ء

بجنسہ صورت خاص کے علاوہ عام طور پر وضعات چہارم کی مستند قابل التفات نہونا چاہیے۔ ایک نقل اس حکم کی مع نقل رپورٹ سررشتہ میں رکھ لیجائے۔ اصل کاغذات صاحب فائننشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

بعد عرض / میر ساند

جناب عالی

اکثر قرضخواہان قرضہ لینے کے وقت دُکان خزانہ سے تعصبہ کر کے قسط مقرر کر دیتے ہین اور تھوڑے ہی عرصہ کے بعد وضعات چارم وسیع قانون کو زیر نظر رکھتے ہوئے تعلیل قسط کا اپیل دائر کرتے ہین یہ صورت چند وجوہ سے قابل اصلاح ہی۔

۱ - جو معاہدہ مابین دُکان اور قرضدار ہوتا ہی اُسکے خلاف تعلیل قسط کی درخواست کرنیکا قرضخواہ کو قانوناً حق نہین ہی اور نہ ایسی درخواست خلاف قانون قابل التفات ہی۔ ورنہ قرضہ دینے کا سلسلہ جاری رکھنا باعث نقصان ہی۔ اور قابل ترک ہی۔ گورنمنٹ وقت قانون بنانی ہر رعایا کے حقوق کی حفاظت کے لئے نہ کہ ایک فریق کے فائدہ کے لیے ویسلئے درخواست کمی قسط قابل التفات گورنمنٹ نہین ہی۔ عدالتین انصاف کے لئے مامور ہین تعلیل وبیشی قسط کی بابت ہر فریق کو عدالت سے رجوع کرنا چاہئے نہ کہ متفرقات مین۔ معاہدہ کی پابندی کے لئے شرع شریف مین بھی خاص ہدایت ہی۔

۲ - حکم وضعات چارم صور تہائے خاص کے لئے جاری ہوا تھا اُس حکم کے ملاحظہ فرمانے سے ظاہر ہوگا کہ حکام مابعد نے اسکی استعمال مین جو وسعت فرمائی ہی وہ خود اُس قاعدے کے منافی ہی۔ اور دُکان خزانہ کو نقصان کثیر ہو رہا ہی۔ اجلاس ہمایون مین نظر ثانی کے قابل ہی۔

ریاست نے پرورش فرماکر خزانچیان کو مقرر فرمایا تھا اور نہ صرف تنخواہ قلیل مقرر ہوئی تھی بہت سے مصارف بذمہ خزانچیان عائد ہوئے جنکے وہ متحمل نہین ہوسکے۔ اُمیدوار کہ اس بارہ مین غور فرمایا جائے اور آیندہ کے لئے اس نقصان سے معافی عطا فرمائی جائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید باد۔

دستخط صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

بغرض اجراء احکام محکمۂ صدر کو اطلاع دیجائے۔ ۲۳ رجون ۱۹۲۵ء

دستخط صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۱۹ رجون ۱۹۲۵ء

منشئہ رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر در بارہ منظوری

رخصت مزید شش ماہ بابو رام پرشاد ہیڈ کلرک دفتر انگریزی بوجہ علالت۔

حکم

بابو رام پرشاد ہیڈ کلرک کی مزید رخصت شش ماہ با انتظام سابقہ بصراحت ذیل منظور کیجاتی ہی کہ ایام رخصت مین چالیس روپیہ بابو رام پرشاد کو ملا کرین۔ اور بیس روپیہ ماہوار الاؤنس ۔۔۔ بنودی لال کو ملا کرے کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بغرض اجراء احکام صدر کو مرسل ہو۔ ۱۵ رجون ۱۹۲۵ء۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم مورخہ ۲۱ رجون ۱۹۲۵ء

بموجب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت بہ تنسیخ قانون سابقہ اس قانون کی یکم اکتوبر ۱۹۲۵ء سے نفاذ پذیر ہونے کی منظوری دیجاتی ہی۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعد عرض / میر ساند

جناب عالی

قانون افیون ومسکرات ریاست رامپور کا انگریزی سے اُردو مین ترجمہ ہو کر صاف ہوگیا ہی۔ اب اُسکے طبع ہونے کی ضرورت ہی۔ قیمت فی جلد ایک روپیہ رکھا جانا مناسب معلوم ہوتا ہی۔ اُمید کہ ذریعہ مشتہری گزٹ بہ تنسیخ قانون سابقہ کی یکم اکتوبر ۱۹۲۵ء سے نفاذ ہونیکی منظوری فرمائی جاکر اعلان فرما دیا جائے۔ والادب۔ دولت جاوید باد۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء

کاغذات پیش ہوئے۔ چند مرتبہ اولٹ پھیر ہو چکی لیکن ٹھیک طور پر پتہ نہیں چلتا کہ کاغذات مابحث کس اہلکار کے پاس پہنچے۔ اور کس نے رستے میں گم کر دئے۔ سررشتہ دار صاحب کی تحقیقاتی رپورٹ کے خلاف صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس کا نوٹ ہے۔ جن کاغذات کو سررشتہ کوٹ کو جانا بیان کیا جاتا ہے۔ ان کی بابت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر نے تحریر کیا ہے کہ وہ سمن تھے۔ اور سمن ۱۷ اکتوبر سنہ ۱۹۲۴ء کو عدالت میں روانہ ہو گئے ڈاک بک میں اندراج ہے۔ جہاں تک غور کیا یہ گڑبڑ اس وجہ سے ہے کہ سربند پیکٹ بالفعل صدر میں آتے ہیں اُس کا کوئی خلاصہ درج نہیں ہوتا ہے۔ جس سے ٹھیک نہیں چلتا۔ ڈاک بک صدر میں صرف ایک پیکٹ دو پیکٹ لکھا ہوتا ہے کہ ہر صیغہ کے کاغذات درج رجسٹر ہو کر روانہ ہوتے ہیں اور صیغہ کے رجسٹر میں خلاصہ کاغذات کا درج ہوتا ہے اس لئے برائے آئندہ اس قسم کی شکایت پیش نہ آنے کے لئے یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ جس صیغہ کے کاغذات روانہ ہوا کریں ایک پیکٹ میں جس قدر کاغذات ہوں ہر کاغذات کے نمبر آخر پیکٹ کے اوپر لکھ دئے جایا کریں تاکہ محرر ڈاک صدر بھی ڈاک بک میں نمبر درج کرکے پیکٹ روانہ کیا کرے اور اسی طرح عند الضرورت پتہ چل جایا کرے گا کہ فلاں نمبر کا کاغذ کہاں پر اور کس کی رسید پر روانہ ہوا ہے۔ نقل حکم بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مرسل ہو کہ اسی موافق پولیس میں احکام جاری کرا دئے جائیں۔ ایک نقل سررشتہ دار صاحب صدر کے پاس مرسل ہو کہ محرر ڈاک کو ہدایت کر دیں کہ پیکٹ پر نمبر ہوا کریں وہ ڈاک بک میں درج کرکے کاغذات بھیجے جایا کریں ہر کاغذات کی روانگی محرر ڈاک خود کیا کرے۔ توقف تعمیل کی آئندہ شکایت ہوئی تو محرر ڈاک کو ذمہ دار کیا جائے گا۔ اصل کاغذات بخدمت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر بغرض روانگی عدالت فوجداری ضلع مرسل ہوں۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نے اپنے آخر نوٹ مورخہ ۔۔ مارچ سنہ حال میں پہنچنا کاغذات کا عدالت میں ظاہر کیا ہے ڈاک بک سررشتہ دار صاحب کے پاس مرسل ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۱۰ جون سنہ ۱۹۲۵ء

معہ رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر دربارہ اطلاع نمونہ تعمیل حکم مجریہ سابقہ مورخہ ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء در صیغہ جات ماتحت۔

ریونیو ڈیپارٹمنٹ بابت روانگی کاغذات ذریعہ ڈاک معہ نقل حکم مجریہ ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء

حکم

سررشتہ دار صاحب صدر کے پاس مرسل ہو کہ بمنشاء حکم ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء بنام جملہ تحصیلداران احکام جاری کرا دئے جائیں اور محرر ڈاک کو بھی ہدایت کر دی جائے کہ موافق حکم پابندی سے تعمیل کرے پولیس کو بھی بجنسہ نقل حکم بھیجی جائے کہ بمنشاء حکم ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء تعمیل پابندی سے ہوتی رہے سررشتہ دار صاحب اپنی نگرانی میں مفصل احکام جاری کرا دیں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم سررشتہ دار صاحب صدر

اطلاع عدالت کر دی جائے۔ جملہ تحصیلات کو اطلاع دیں، محرر ڈاک مطلع ہو کر آئندہ احتیاط رکھے اور پولیس کو بھی نقل حکم کر کے بھیجی جائے اور درج گزٹ بھی برائے اطلاع عام ہو۔ ۲۰ جون سنہ ۱۹۲۵ء

دستخط سررشتہ دار صاحب صدر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۲۳ جون سنہ ۱۹۲۵ء

حسب صراحت نوٹ کمیٹی اعلان عام کر دیا جائے، بخدمت حاکم صاحب بہادر صدر مرسل ہو اور گزٹ میں بھی درج کرا دیا جائے۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

نقل نوٹ کمیٹی مال ۱۰ جون سنہ ۱۹۲۵ء

کمیٹی نے واقعات مثل پر غور کیا اور رپورٹ تحصیلدار صاحب ٹانڈہ و رپورٹ واصل باقی نویس صدر و رپورٹ حاکم صاحب بہادر صدر معائنہ کیا گیا۔ دیہات کے رقبہ محدودہ میں جو خود رو پیداوار از قسم کھجور و جھاؤ و بیری و جھربیری وغیرہ علاوہ ان چیزوں کے جنگلے جدا گانہ ٹھیکہ ہونے کا طریقہ ہے۔ مثلاً لکڑی درختاں یا کاہ و میوہ اور یا اشیاء معدنیات کہ اُن کا مالک اور حاصل کنندہ مستاجر دیہہ ہوتا ہے چنانچہ جنید پور مثل کسیرہ کانشی ادیر موضع مانشہ وغیرہ کا جو خود رو پیداوار گاؤں کے رقبہ میں ہوتا ہے اس کو بھی مستاجر دیہہ حاصل کرتا ہے۔ اسی طرح یہ غیر معمولی پیداوار بھی کھجور، جھاؤ، بیری وغیرہ میں البتہ اس امر کی پوری پابندی ہونا چاہئے کہ جس کی جس قدر آمدنی سالانہ ہو وہ بلا کم و کاست درج کاغذ پٹواری کر دی جائے۔ لہذا کمیٹی کی رائے میں ان کاغذات کے ذریعہ جو آمدنی پر شاخ برگ کھجور موضع کیشو نگلی مستاجر ضیاء اللہ خاں بحث در پیش ہے اس میں مستاجر سے

کسی تعرض کی ضرورت نہیں ہے اور عام طور پر کسی مستاجر سے اس قسم کا تعرض نہ ہونا چاہئے۔ البتہ باجرائے احکام تاکیدی جملہ تحصیلداران کو اور گرداور قانون گویان کو اور پٹواریان کو ذمہ دار فرمایا جاوے کہ اس سلسلہ میں صحیح آمدنی سالانہ کاغذ پٹواری میں بعد سوال درج کراتے رہیں اور ایک اعلان اس مضمون کا ہونا چاہئے کہ جو مستاجر اس آمدنی کو پوشیدہ رکھ کر درج کاغذ پٹواری نہ کرائے گا یا کم درج کرائے گا اُس سے باز پرس کی جاویگی

کاغذات باجلاس جناب صاحب ریونیو سکریٹری بہادر پیش ہوں۔

دستخط ممبران صاحبان کمیٹی مال

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۳۰ جون ۱۹۲۵ء

بصدور حکم حضور معلے دام اقبالہم و ملکہم مرقومہ ۲۷ جون ۱۹۲۵ء دربارہ منظوری رخصت دس یوم ۔ رعایتی ۸ یوم ۔ بوضع تنخواہ ۲ یوم بسلسلۂ رخصت سابقہ سید شبیر حسین صاحب نائب محرر دوم کوتوالی ۔ مثبتہ تحریر اجلاس ہذا مرقومہ ۲۴ جون ۱۹۲۵ء و صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مشمولہ درخواست نائب محرر مذکور

حکم

بنشاء حکم بندگان عالی حضور معلے دام اقبالہم و ملکہم احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۸ جون ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر چیف میڈیکل افسر صاحب بابت رخصت ڈاکٹر محمد بخش

حکم

ڈاکٹر محمد بخش کی رخصت مزید بیس یوم بوضع تنخواہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط حاکم صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے خود بھی خرید فرما کر پڑھئے۔ اور احباب کو دکھائیے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے۔ اس کی عمدگی اس کے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲؎ ہے۔

التوحید۔ یہ کتاب جامع عادی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اس میں خداوند عالم کے وجود اُس کی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اس کی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲؎ ہے۔

خصائص معاویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع عادی کے ضمنات میں ہے جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے۔ بعض مطالب کا اس میں اضافہ کیا گیا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک ۸؎ ہے۔

جس قدر نسخے مطلوب ہوں درخواست منصرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت میں ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

نقشہ بارش ریاست رامپور ہفتہ وار من ابتدائے ۲۳ لغایتہ ۳۰ جون سنہ ۱۹۲۵ء

تاریخ دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۲۲ جون سنہ ۱۹۲۵ء یوم دوشنبہ	۳۹	۸۳	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۹	۵۳ ½	۱۲	۶۵	نقشہ نہیں آیا	۰	۳۹	۷۵
۲۳ جون سنہ ۱۹۲۵ء یوم سہ شنبہ	۵	۸۸	۲	۸۷	۱ ½	۵۶	۷	۶۲	۳	۱۳۷	۲	۷۷
۲۴ جون سنہ ۱۹۲۵ء یوم چہارشنبہ	۰	۸۸	۰	۸۷	۰	۵۶	۰	۶۲	۰	۱۳۷	۰	۷۷
۲۵ جون سنہ ۱۹۲۵ء یوم پنجشنبہ	۰	۸۸	۰	۸۷	۰	۵۶	۰	۶۲	۰	۱۳۷	۰	۷۷
۲۶ جون سنہ ۱۹۲۵ء یوم جمعہ	۰	۸۸	۰	۸۷	۰	۵۶	۰	۶۲	۰	۱۳۷	۰	۷۷
۲۷ جون سنہ ۱۹۲۵ء یوم شنبہ	۰	۸۸	۰	۸۷	۰	۵۶	۰	۶۲	۰	۱۳۷	۰	۷۷
۲۸ جون سنہ ۱۹۲۵ء یوم یکشنبہ	۲۰	۱۰۸	۱۸	۱۰۵	۰	۶۰	۰	۸۳	۰	۱۳۷	۳۰	۱۰۷
۲۹ جون سنہ ۱۹۲۵ء یوم دوشنبہ	۱۰	۱۱۸	۸	۱۱۳	۱۹	۷۹	۳۰	۱۱۳	۱۸	۱۵۵	۳	۱۱۰
۳۰ جون سنہ ۱۹۲۵ء یوم سہ شنبہ	۰	۱۱۸	۰	۱۱۳	۰	۷۹	۰	۱۱۳	۱	۱۵۶	۳	۱۱۳

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۲۹ جون لغایتہ ۵ جولائی سنہ ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم							تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص							
نخود کہ آمیز							
کرت							
ماش							
مونگ							
مکا							
جئی							
کودھی							
مسور							
ارہر							
برنج							
روغن زرد							
روغن سیاہ							
روغن کنجد							
نمک سانبھر							
نمک لاہوری							
قند سیاہ							
باجرہ							